© rasailojaraid.com



# سرکلر: بنام ماتحت مجالسِ احرارِ اسلام پاکستان

ماتحت مجالسِ احرار اسلام متوجہ ہوں!

مجلس احرار اسلام پاکستان کی جملہ ماتحت شاخوں کو ہدایت کی جارتی ہے کہ دستور کے مطابق:

☆ جدید رکنیت ومعاونت سازی کے عمل کو تیزی سے مکمل کر کے مقامی وعلاقائی تنظیم سازی کی تکمیل کریں۔

☆ اپنے مقامی وعلاقائی (ضلعی) انتخابات کرائیں نیز مقامی مجلس شوریٰ کا انتخاب کریں اور ان کی مصدقہ نقول مرکزی دفتر ملتان کو روانہ کریں۔

☆ جن شاخوں نے ابھی تک فارم رکنیت ومعاونت نہیں منگوائے وہ بلاتاخیر مرکزی دفتر ملتان سے فارم منگوا کر کام کی تکمیل کرلیں، مزید تاخیر ہرگز نہ کریں۔

☆ ہر رکن/معاون سے زرِ رکنیت/معاونت ۲۰ روپے لازماً وصول کریں اور مرکز کو روانہ فرمائیں۔ نیز مرکز سے الحاق کے لیے درخواست الحاق بمع فیس الحاق ۲۰۰ روپے بھی مرکزی فنڈ میں جمع کروائیں۔

☆ اپنی اپنی سطح پر حلقۂ اراکین/معاونین میں اضافے کے لیے حکمت وتدبیر سے کام لیتے ہوئے پرانے ساتھیوں سے مشورے کے ساتھ اقدامات کریں۔

**نوٹ:**

کوئی مشکل پیش آئے تو مرکزی ناظمِ انتخابات مولانا محمد مغیرہ، چناب نگر (0301-3138803) سے رابطہ فرمائیں!

## مجلس احرارِ اسلام پاکستان کی مرکزی مجلس شوریٰ کا اجلاس

امیر احرار حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری کی صدارت میں مرکزی مجلس عاملہ کے اجلاس منعقدہ ۸/مارچ ۲۰۱۱ء دفتر احرار لاہور کی فیصلے کے مطابق مجلس احرار اسلام پاکستان کی نئی مجلس شوریٰ کا اجلاس ان شاءاللہ تعالیٰ ۷/مئی ۲۰۱۱ء بروز ہفتہ نو بجے صبح جامع مسجد احرار چناب نگر میں منعقد ہوگا جس میں نئے ارکان شوریٰ حسب دستور حلف اٹھائیں گے اور حسب ضابطہ مرکزی انتخابات ہوں گے، مرکزی مجلس شوریٰ کے تمام ارکان کی شرکت ضروری ہے۔ معزز ارکانِ شوریٰ ۶/مئی ۲۰۱۱ء شام تک چناب نگر پہنچ جائیں۔

منجانب
عبداللطیف خالد چیمہ
ناظم اعلیٰ مجلس احرار اسلام پاکستان



© rasailojaraid.com